سوال

(455) روزے کی حالت میں جدید انداز کی زیب وزینت کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں بعض اوقات جدید انداز کی زیب وزینت (میک اپ) کرلیا کرتی ہوں، کیا یہ چیز بس کسی طرح میرے روزے پر اثرانداز تو نہیں ہوتی ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی عورت زیب وزینت کے لیے تیل، کریم یا لوشن وغیرہ استعمال کرے، چہرے پر لگائے یا جسم کے کسی اور حصے پر، تو بالکل جائز ہے، اس سے اس کے روزے پر کوئی منفی اثر نہیں پڑتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 356

محدث فتویٰ